پروفیسرڈاکٹرفضل الٰہی کافرسٹ مون میرج ہال سول لائن جہلم میں درس قرآن وحدیث

فرسٹ مون میرج ہال سول لائن جہلم میں مورخہ 4 مارچ بروز بدھ چار(4) بجے سہ پہر عالم اسلام کے مایہ ناز سکالر پروفیسرڈاکٹرفضل الٰہی سابق پروفیسر الریاض سعودی عرب وانٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد نے ''بیٹی کی شان وعظمت'' کے موضوع پر عالمانہ وفاضلانہ درس ارشادفرمایا جس میں جہلم شہر سے مردوں اورعورتوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔یادرہے کہ بٹ برادران(حفیظ اللہ بٹ،قمربٹ،شیرازبٹ)نے اس عظیم الشان پروگرام کا اہتمام کیا۔ جزاھم اللہ خیر الجزاء

جامعہ اَثریہ للبنات جہلم کا29واں سالانہ اجتماع برائے خواتین

جامعہ اَثریہ للبنات جہلم کا 29 واں سالانہ عظیم الشان تبلیغی واصلاحی دوروزہ اجتماع برائے خواتین مورخہ 26,25 اپریل بروز ہفتہ،اتوار جامعہ کے وسیع سبزہ زار میں منعقدہوا۔جس میں ملک بھرسے معروف مبلغات نے مختلف موضوعات پرقرآن وحدیث کی روشنی میں خطاب کیا،اورملک بھرسے آئی ہوئی مدارس،کلیات وجامعات کی طالبات کے مابین مورخہ 25اپریل بروز ہفتہ صبح 8 بجے سے 1 بجے تک انعامی تقریری مقابلہ ہوااوراجتماع کی آخری نشست میں مورخہ 26 اپریل بروز اتوارتقریب تقسیم اَسنادوانعامات ہوئی۔جس میں جامعہ سے فارغ ہونے والی طالبات کواَسناداورامتحانات میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات کوانعامات دیئے گے۔ اجتماع میں جہلم شہر کے علاوہ دوردراز علاقوں سے خواتین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

وفیات

محمد بابر(سوہاوہ)کوصدمہ

محمد بابرجوکہ مرکزی جامع مسجداہل حدیث سوہاوہ کے نمازجمعہ کے مستقل نمازی ہیں۔ان کی والدہ محترمہ 21 فروری بروز ہفتہ نمازمغرب کی ادائیگی کے بعداچانک وفات پاگئیں۔انا للہ وانا الیہ راجعون. مرحومہ نماز پنجگانہ کی پابنداورنیک خاتون تھیں۔مولاناقطب شاہ،قاری محمد ماموراورحاجی غلام مصطفیٰ نے ان کے گھرجاکرتعزیت کی اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کواعلیٰ علیین میں جگہ عطافرمائے اورلواحقین کوصبرجمیل کی توفیق عطافرمائے۔آمین

قاری ظہورالٰہی بن عبدالرحمٰن کی رأس الخیمہ میں اچانک وفات

رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کے چچازاد بھائی قاری ظہورالٰہی بن عبدالرحمٰن مورخہ 27 فروری بروزجمعۃ المبارک رأس الخیمہ متحدہ عرب امارات میں دماغ کی شریان پھٹ جانے کی وجہ سے اچانک وفات پاگئے۔انا للہ وانا الیہ راجعون. مرحوم عرصہ درازسے وہاں کی مسجد البرید میں امامت کے فرائض سرانجام دے رہے تھے۔مرحوم کی وصیت کے مطابق وہیں پرنماز جنازہ کے بعدان کی تدفین کردی گئی۔جامعہ علوم اَثریہ میں رئیس الجامعہ نے ان کی غائبانہ نمازجنازہ پڑھائی۔جس میں جامعہ کے اساتذہ،طلبہ اورجماعتی احباب نے شرکت کی۔

جامع مسجدسلطان اہل حدیث(جامعہ اَثریہ)کے مستقل نمازی رانامحمداسلم کوصدمہ

رانامحمداسلم جوکہ جامع مسجد سلطان اہل حدیث(جامعہ اَثریہ)کے مستقل نمازی ہیں۔ان کاجواں سال بیٹامحمدفیاض مورخہ 2 مارچ بروزسوموارٹریفک حادثہ میں وفات پاگیا۔انا للہ وانا الیہ راجعون. جامعہ کے تمام اساتذہ،طلبہ اورجماعتی احباب نے ان سے اظہارِتعزیت کیا۔ مرحوم کی نمازجنازہ شیخ الحدیث مولانامحمداکرم جمیل نے پڑھائی۔

شیخ الحدیث مولانامحمداکرم جمیل کوصدمہ

شیخ الحدیث مولانامحمداکرم جمیل کے بڑے بھائی نوراحمدسلیم مورخہ 3 مارچ بروزمنگل ہارٹ اٹیک کی وجہ سے اچانک